دنیا حسد جھگڑنا فنکاری کرسٹل دوسرا لڑائی حیرت انگیز والدین

یسوع قدرتی مہارت قابلیت چرچ روح

## سوالات اور جوابات:




1۔ یسوع کیا میرے دوستوں کے ساتھ رہ سکتے ہیں؟ موضوع پر اپنے طالب علموں سے بحث کریں اور سوچیں کہ کس قسم کی تبدیلی کی ضرورت ہوگی کہ یسوع میرے دوستوں کے ساتھ رہ سکیں۔

2۔ کیا ہوا اگر بحیثیت عیسائی کے میں غیر معروف ہو؟ اپنے طالب علموں سے بات کریں کہ کیا انہیں مقبول ہونا محسوس کراتا ہے اور اگر ہوتا ہے تو یہ ان کی بعد کی زندگی میں بہت اہمیت رکھتا ہے یا ان کی بعد کی زندگی میں: جنت میں یا جہنم میں۔

3. حسد کرنے والوں میں کونسا عمل عام ہوتا ہے؟ کوشش کریں کہ کسی شخص کا نام نہ لیں جب آپ حسد کرنے والوں کے مختلف عمل کے بارے میں بحث کررہے ہوں۔کچھ خیالات شروع ہوں گے افواہوں سے، پوسٹنگ سے جس کا مطلب آن لائن چیزیں، کسی کو موقع نہ دینے سے یا دوسروں کا مذاق بنانے سے۔

## رنگ میں

روحانی تحفوں، جسم، آپ کی اپنی چیزوں اور خاندان جو آپ کا ہے ان پر خدا کا شکر ادا کریں، خدا سے جو کچھ آپ کے پاس ہے اس پر خوشی اور قناعت مانگیں۔ منتخب کریں کسی کو جس سے آپ ماضی میں حسد کرتے ہوں اور اسے ایک چھوٹا سا تحفہ دیں۔ (ان کو اپنی ماضی کے حسد کے بارے میں نہ بتائیں)

# خوشی بمقابلہ لالچ

**بائبل کی کہانی: امیر جوان شخص**

**میتھیو19:16-30**

## ڈرامہ:

بے وقوف فریڈ رسی سے بندھا ہوا ہے (لالچ پیش کررہا ہے) اور حرکت نہیں کرسکتا ہے۔ عقلمند وِلی وہاں آتا ہے اور اسے کھیلنے کی دعوت ہے لیکن فریڈ تمام رسیوں کی وجہ سے کوئی حرکت نہیں کرسکتا ہے۔ وہ کہیں نہیں جاسکتا ہے جہاں وہ جانا چاہتا ہے۔ عقلمند وِلی کلاس کو لالچ کے بارے میں بتاتا ہے کہ یہ ہمیں باندھ کررکھتی ہے کہ ہم ہلنے کے قابل نہیں رہتے۔

## یاد کرنے والے آیت

اور اُس نے اُن سے کہا خبردار! اپنے آپ کو ہر طرح کے لالچ سے بچائے رکھّو کیونکہ کِسی کی زِندگی اُس کے مال کی کثرت پر مَوقُوف O
Oنہیں
لُوقا 15:12

## اہم سبق:




یہ وقت ہے کہ ہم پیسوں کے متعلق بات کریں۔پیسہ طاقت دیتا ہے، لبھاتا ہے ،لالچ دیتا ہے اور ہماری شادمانی چھین لیتا ہے۔ اگر ہمارے پاس کچھ اور پیسہ ہو تو ہم سمجھتے ہیں کہ ہم خوش ہوں گے۔ ہم اپنے ارد گرد نظر ڈالیں تو دیکھیں دوسرے لڑکے اور لڑکیوں کو جو ہنستے ہیں تو تصور کرسکتے ہیں کہ اس لئے کہ ان کے پاس تمام کھلونے ہیں، خوبصورت کپڑے ہیں یا دوست ہیں جو پیسوں کی وجہ سے ان کے چاروں طرف رہتے ہیں ۔ لیکن انجیل واعظ میں بیان ہے کہ "جو کوئی بھی پیسے سے پیار کرتا ہے وہ اس کے کبھی کافی نہیں ہوگا؛ جو کوئی دولت سے پیار کرتا ہے کبھی اپنی آمدنی سے مطمئن نہیں ہوتا۔"اسی طرح یہ ہماری زندگیوں میں بھی سچ ہے۔ جب آپ پیسے سے پیار کرتے ہیں تو وہ کبھی کافی نہیں ہوتی۔

بہرحال، شادمانی وہ چیز ہے جو پیسے سے خریدی نہیں جاسکتی بلکہ پیسہ عام طور پر ہماری شادمانی چرا لیتا ہے۔ یہ دلچسپ ہے کہ وہ جو لاٹری جیت چکے ہیں سال کے بعد خوش نظر نہیں آتے ۔ حقیقت میں، لاٹری جیتنے والوں میں خود کشی کرنے والوں کا تناسب زیادہ ہے! جب آپ کے پاس پیسہ ہوگا لوگ آپ کے گرد جمع ہوں گے، لیکن اس لئے نہیں کہ وہ آپ سے پیار کرتے ہیں ۔ وہ اس لئے کہ آپ سے جتنا ممکن ہوسکے لے لیں۔

پیسے کی لالچ آپ کے دل کو فوراً اپنی گرفت میں لے سکتی ہے۔ لالچ وہ زبردست خواہش ہے جس سے ہم بہت سی چیزوں پر خود اپنے لے قبضہ کرنا چاہتے ہیں اس کے سوا کہ وہ ہمارے زندہ رہنے اور آرام کی بنیادی ضروریات سے دور کی چیزیں ہیں۔

یسوع نے پہاڑ پر خطبے میں ہمیں خبردار کیا ہے کہ پیسہ ہمیں خرچ کرسکتا ہے یہاں تک کہ وہ ہمارا مالک بن جائے۔ ”کوئی آدمی دو مالکوں کی خدمت نہیں کرسکتا کیونکہ یا تو ایک سے عداوت رکھے گا اور دوسرے سے محبت یا ایک سے ملا رہے گا اور دوسرے کو ناچیز جانے گا۔ تم خدا اور دولت دونوں کی خدمت نہیں کرسکتے“متی *6:24*

آج کی انجیل کی کہانی میں، ہم ایک امیر نوجوان آدمی سے ملتےہیں۔ یہ آدمی عیسائی تھا اور اپنی زندگی میں خدا کی خدمت کرنا چاہتا تھا۔ یسوع نے اس سے کہا، "تم مکمل ہونا چاہتے ہو تو جاؤ ، جو کچھ تمہارے پاس ہے اسے بیچ کر غریبوں کو دے دو تو آپ کے پاس جنت میں خزانہ ہوگا۔ پھر میرے پاس آنا اور میری پیروی کرنا۔ اس بات نے امیر آدمی کو بہت غمگین کردیا۔ اس کے پاس بہت دولت تھی اور وہ اسے چھوڑنا نہیں چاہتا تھا۔

لالچ شادمانی کا قاتل ہے۔ بچے اپنے ارد گرد اکثر دیکھتے ہیں کہ دوسرے کے پاس کیا ہے اور وہ کیا چاہتے ہیں ۔ آپ جانتے ہیں کہ اسکول میں بچوں کے پاس وہ سب کچھ ہوتا ہے جو آپ چاہتے ہیں۔دوسرے بچے وہ ہیں جو وہ چیزیں چاہتے ہیں جو آپ کے پاس ہیں۔ لہٰذاچیزوں کا اپنی ملکیت ہونا خوشی نہیں لائے گا۔ لالچ سے آزادی ہی حقیقی شادمانی اور خوشی لاتی ہے۔ خدا سے دعا کریں کہ آپ کی زندگی میں سے لالچ کو ختم کردے کیوں کہ یہ نا ممکن ہے کہ ہم ایسا خود کرسکیں۔ اسی طرح یسوع نے امیر نوجوان آدمی سے کہا، "میں سچ کہتا ہوں یہ مشکل ہے کسی کے لئے جوامیر ہواور جنت کی بادشاہت میں داخل ہو۔ میں آپ کو دوبارہ کہتا ہوں کہ یہ آسان ہے کہ ایک اونٹ سوئی کے سوراخ میں سے گزر جائے اس سے کہ کوئی جو امیر ہواور خدا کی بادشاہت میں داخل ہو۔"

آؤ خدا سے دعا کریں کہ وہ ہماری زندگی کے ناممکن کام کردے، ہمیں پیسے اور لالچ سے دور رکھے اور ہمیں حقیقی شادمانی اور خوشی عطا کرے!



## یادداشت بمقابلہ کھیل


**گرم آلو**

کوئی تھیلا لیں جیسے کہ گرم آلو اور اس میں کاغذ کی پرچیاں ڈال دیں ان پرچیوں پر یاد کی گئیں آیات کے الفاظ الگ الگ لکھے گئے ہوں۔ بچے ایک بڑے دائرے میں بیٹھ جائیں اور موسیقی شروع کریں۔ جیسے ہی موسیقی رکے گی بچہ کاغذ کے تھیلے میں سے ایک کاغذی پرچی نکالے گا۔ وہ یہ پرچی بورڈ پر ٹیپ کرسکتے ہیں یا فرش پر دائرے کے بیچ میں رکھ سکتے ہیں۔ بچے ساتھ کام کرتے ہوئے یاد کی گئیں ایت کے الفاظوں کوصحیح ترتیب میں رکھیں۔

## پہیلی کا جواب

| | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | L | O | V | E | S | Z | X | C | C | V | M | E | M | O | R | Y |
| P | O | S | S | E | S | S | I | O | N | S | O | B | N | M | E | A |
| P | T | T | E | K | A | B | U | N | D | A | N | C | E | D | G | S |
| E | T | E | R | L | Q | W | E | S | G | R | E | E | D | Y | A | D |
| A | E | A | V | R | T | Y | U | I | I | O | Y | P | Z | X | R | F |
| R | R | L | E | K | I | N | D | S | C | V | B | N | M | A | D | G |
| S | Y | S | S | D | F | W | A | T | C | H | G | H | J | J | S | H |





دیکھنا آداب اقسام لالچی مشتمل ہونا کثرت ہونا قبضہ یادداشت رقم لاٹری
ظاہر ہونا پیار چوری خدمت کرنا

## جونئیر ہائی سوال و جواب:




1. کیا یہ صحیح ہے اگر میں پکڑا نہیں گیا ہوں؟اپنے طالب علموں سے مختلف گناہوں کے بارے میں بات چیت کریں اگر چہ ان گناہو ں میں ہم پکڑے جائیں یہ نہ پکڑے جائیں۔ خدا ہر چیز کو دیکھتا ہے تو حقیقت یہ ہے کہ تمام گناہ غلط کام ہیں بےشک اس میں ہم پکڑے جائیں یا نہ پکڑے جائیں۔بہرحال، بالغ لوگ زندگی کے اس پہلو پر کم ہی دیکھتے ہیں۔ اس فرق کے بارے میں بات چیت کریں کہ خدا ہم سے انجیل میں کیا کہتا ہے اور ہم عام طور پر اپنی زندگی میں کیا کرتے ہیں ۔
2. اس کا کیا مطلب ہے کہ خدا اور دولت کی خدمت کی کوشش کریں؟ دولت کی خدمت ہوسکتی ہےاسکول کی تعلیم اور کام کی تعلیم تاکہ جب آپ بوڑھے ہوں تو اور دولت کمائیں ۔ دولت کی خدمت جھوٹ اور سچ چھپانے سے دیکھی جاسکتی ہے تا کہ آپ کے پاس اور زیادہ دولت ہو اس کے ساتھ ساتھ چوری بھی۔

3. اس میں کیا غلط ہے کہ کسی سے کوئی چیز لے لیں اگر انہیں اس کی ضرورت نہیں جتنی مجھے ہے؟خدا چاہتا ہے کہ ہم اپنی تمام ضروریات کے لئے اس پر بھروسہ کریں ۔ جب ہم دوسروں کی چیز چراتے ہیں تو ہم کوشش کرتے ہیں اپنی ضرورت کو پورا کریں اور زندگی کو اچھا کرنے کوشش کریں۔ اس سیارے پر زندگی کبھی بھی اچھی نہیں ہوسکتی۔

**رنگ میں**

چرچ میں پیش کی جانے والی پلیٹ میں خدا کے لئے کچھ اپنی ذاتی رقم دیں یہ جانیں بغیر کہ یہ کہاں جائے گی۔ کچھ رقم کسی کی خدمت میں خرچ کریں، اگر آپ کے پاس رقم نہیں ہے تو جو آپ کے پاس ہے وہ دے دیں۔

# خوشی بمقابلہ خود بیچارگی

**بائبل کی کہانی: یونس اور کیڑا**

**یونس 10-4:1**


## ڈرامہ:

بے وقوف فریڈ اپنی بڑھتے ہوئے خاندان کی ایک تصویر لاتا ہے۔ اس کا مرکزِ نگاہ خود پر ہے اور اپنے بالوں، کپڑوں، قد وغیرہ کے بارے میں شکایتیں کرتا ہے۔ عقلمند وِلی اسے بتاتا ہے کہ وہ کتنا خوش قسمت ہے کہ وہ کتنےبڑے خاندان میں اور کتنے پیار کرنے والوں کے درمیان بڑا ہوا ہے۔

## یاد کرنے والے آیت

کیونکہ ہماری دَم بَھر کی ہلکی سی مُصِیبت ہمارے لِئے ازحد بھاری اور ابدی جلال پَیدا کرتی جاتی ہے۔ جِس حال میں کہ ہم دیکھی ہُوئی چِیزوں پر نہیں بلکہ اندیکھی چِیزوں پر نظر کرتے ہیں کیونکہ دیکھی ہُوئی چِیزیں چند روزہ ہیں مگر اندیکھی چِیزیں ابدی ہیں۔
کُرِنتھِیوں-۲ 18-17:4

## اہم سبق:




ان چیزوں میں سے ایک ہے جو ہماری شادمانی چراسکتی ہے جب ہم خود اپنے اوپر بہت زیادہ توجہ ڈالتے ہیں تو ہمارے جذبات ہمیں نیچا دیکھاتے ہیں۔ خود بیچارگی ہمیں ہماری پریشانیوں کی طرف متوجہ کرتی ہے اورہمیں ناخوش کرتی ہیں۔ یہ ایک احساس ہے کہ آپ کی صورت حال ابتر ہے ان دوسروں لوگوں سے جو سامنا کرتے ہیں اور ان لوگوں کو آپ کی تکلیف محسوس کرنا چاہئیے۔ یہ غمگین کرسکتی ہے لیکن اکثر دوسرے ہم سے افسوس کرتے ہوئے متوجہ کرتے ہیں اور فائدہ اٹھاتے ہیں۔ جب ہم خود بیچارگی میں پھنسے ہوتے ہیں تو ہم امید کرتے ہیں کہ کوئی ہمیں کہے کہ "ہائے، آپ بیچارے"۔

آ پ نے یونس اور وھیل کے بارے میں سنا ہوگا، لیکن آج کی انجیل میں کہانی ہےیونس اور کیڑے کی!یونس وھیل کے ساتھ مقابلہ کر نے کے بعد نینواہ میں پہنچے اور شہر کو بشارت کی تبلیغ کی ۔ نینواہ کے لوگوں نے اپنے گناہوں سے توبہ کی اور اپنے برے کاموں کو چھوڑ دیا۔ پھر، خدا کو اس شہر پر ترس آگیا اور اس نے ان کو تباہ نہیں کیا جیسا کہ اس کا منصوبہ تھا۔


اس بات نے یونس کو غصہ کردیا تو انھوں نے شہر چھوڑ دیا اور مایوسی میں باہر چلے گئے۔ خدا نے انہیں سائے کے لیے ایک بیل (انگورکی بیل کی طرح کی) عطا کی۔ اگلے دن ، خدا نے ایک کیڑا بھیجا جو اس بیل میں گھس گیا اور اس نے اسے سکھا دیا۔ پھر سورج نے یونس کے سر کو جھلسا دیا۔ وہ پھر غصہ ہوئے اس بار وہ سوکھی ہوئی بیل پر غصہ ہوئے تھے۔

خدا نے یونس سے کہا، " تجھے اس بیل کا اتنا خیال ہے جس کے لئے تو نے نہ کچھ محنت کی اور نہ اسے اگایا، جو ایک ہی رات میں اگی اور ایک ہی رات میں سوکھ گئی اور کیا مجھے لازم نہ تھا کہ میں اتنے بڑے شہر نینواہ کا خیال کروں جس میں ایک لاکھ بیس ہزار سے زیادہ لوگ ہیں ---"

جب ہم بیچارگی کی دلدل میں پھنسے ہوتے ہیں، ہم وہ کرسکتے ہیں جو خدا نے یونس کے ساتھ کیا: ایک قدم پیچھے لیں اور بڑی تصویر دیکھیں۔ اس شہر میں 120،000 سےزائد لوگ تھے۔ یہ زبردست تھا کہ خدا نے انہیں محفوظ رکھا۔ آپ کی صورت حال میں بڑی تصویر کیا ہے؟ اگر آپ بیمار ہیں تو سوچیں کتنے بہت سے دوسرے بھی بیمار ہیں لیکن کچھ آپ کی بیماری سے بہت زیادہ بیمار ہیں ۔ اگر آپ غریب ہیں اور اپنی حالت سدھار نہیں سکتے ہیں تو سوچیں ہزاروں لوگ ہیں جو آپ سے بھی زیادہ غریب ہیں اور ان کے پاس اس سے باہر نکلنے کا کوئی راستہ نہیں۔ اگر آپ مصیبت میں ہیں تو تصویر کو بڑا کر کے دیکھیں ، خدا سے دعا مانگیں کہ وہ آپ کی آنکھیں کھولے کہ آپ دیکھ سکیں۔ اپنی مصیبت کے بارے میں سوچنا چھوڑ دیں اس کے بجائے ان مصیبتوں پر توجہ دیں جو دوسروں پر ہیں۔ جب آپ قدم پیچھے ہٹاتے ہیں تو ہی بڑی تصویر دیکھتے ہیں آپ خود بیچارگی سے آزاد ہوسکتے ہیں اور آپ کو زندگی میں شادمانی کا تجربہ ہوگا۔


## یادداشت بمقابلہ کھیل

**اسٹراء منتقلی**



پینے کے لئے استعمال ہونے والی اسٹراء کو آدھا کاٹیں(تقریباً 4 انچ کے ٹکڑے)، ہر بچے کے لئے ایک۔ (چوڑی اسٹراء بہترین ہے۔) آیت کا ہر الفاظ علیحدہ کاغذ کے ٹکڑے پر لکھیں پھر ہر ٹیم ایک آیت بنائے۔ کلاس کو ٹیموں میں تقسیم کردیں۔ ہر ٹیم کے لئے الفاظ میز پر رکھیں۔ منتقلی کی دوڑ کی طرح، ہر ٹیم کا رکن لازمی یاد کی گئی آیت کا ایک لفظ اپنی اسٹراء سے اٹھائے گا اور اسے اٹھا کر کمرے کے دوسری طرف اپنے ٹیم کی میز کی طرف لے کر جائیں۔ پہلی ٹیم جو اسے جوڑے گی اور آیت کی تلاوت کرے گی وہی جیتے گی۔

## پہیلی کا جواب






| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Z | T | E | M | P | O | R | A | R | Y | X | J |
| A | R | G | U | M | E | N | T | M | C | V | O |
| C | O | M | P | A | S | S | I | O | N | B | N |
| H | U | A | U | W | D | E | T | M | N | N | A |
| I | B | S | N | O | U | T | W | E | I | G | H |
| E | L | G | C | R | F | E | H | N | N | L | L |
| V | E | H | L | M | D | R | A | T | E | O | K |
| E | S | J | E | A | S | N | L | A | V | R | J |
| R | L | K | A | A | S | A | E | R | A | Y | H |
| S | P | I | R | I | T | L | D | Y | H | F | G |

دلیل پل بھر میں مصیبت حاصل کرنے والے ابدی عظمت زیادہ وزنی ہونا
کیڑا وھیل یونس نینوا روح عارضی مبہم ہمدردی

## سوالات اور جوابات:




1۔ بڑی تصویر کیا ہے؟ ہم زندہ ہیں لیکن ایک سانس ، ہماری زندگی اس سیارے پر بہت چھوٹی ہے ۔ جلد ہی ہم مرجائیں گے اور جنت یا دوزخ میں جائیں گے۔ دنیا میں زندگی نہ ہو تو ابدیت سے کیا فرق پڑتا ہے۔

2۔ لوگ کیسے ہیں جو خود کے لئے افسردہ ہیں؟ ہوسکتا ہے ان کی بہت شکایتیں ہوں ، اپنی پریشانیوں کے بارے میں بہت بولتےہوں۔ وہ ہوسکتا ہے کہ اپنی ذمہ داریوں پر خاموش رہتے ہوں اور معمول کے کام نہ کرتے ہوں۔ وہ کوشش کرتے ہیں کہ وہ دوسروں کو اپنے ساتھ جھکا لیں۔

3. کیوں اتنے سارے لوگ میرے گرد افسر بنے پھرتے ہیں؟ اختیار کے تحت پوری زمین ڈھانچہ بنائی گئی ہے ہمارے والدین سے ہمارے افسران کام پر ، عام طور پر آپ کے اوپر افسر ہوگا۔ بہرحال زندگی کے مختلف موسم ہوتے ہیں اور ہوسکے تو تم کسی دن افسربن کر اسے ختم کردو!

## رنگ میں

بے گھر لوگوں کی سرچھپانے کے لئے مدد کریں یا مذہبی اداروں کی جو غریبوں کو کھانا کھلاتے ہیں۔ یا اس کے بدلے، بیماروں کو دیکھنے ہسپتال جائیں، ان کے لئے دعا کریں اور خدا سے مانگیں کہ وہ آپ کی نظر کو وسیع کردے اور خود کو دیکھنے والی آنکھوں کو بند کرنے میں مدد کرے۔

# خوشی بمقابلہ احسان فراموش

**بائبل کی کہانی: یسوع نے 10 کوڑھیوں کو شفایاب کیا**

**لوقا 19-17:11**

## ڈرامہ:

ایک لپٹا ہو ا تحفہ تیار ہے۔ عقلمند وِلی اور بے وقوف فریڈ لپٹے ہوئے تحفے پاتےہیں اور سب بہت خوش ہیں وہ تمام خدا کے تحفوں فطر ی استعداد، صلاحیتوں، خاندان، پیار وغیرہ جو ہمیں خدا نے دیا ہے ان کے بارے میں باتیں کررہے ہیں۔ عقلمند وِلی اور بے وقوف فریڈ تحفوں سے متعلق مختلف ردعمل شکرگزاری سے ناشکری تک کا مظاہر ہ کر تے ہیں۔

## یاد کرنے والے آیت

شُکرگُذاری کرتے ہُوئے اُس کے پھاٹکوں میں اور حمد کرتے ہُوئے اُس کی بارگاہوں میں داخِل ہو۔ اُس کا شُکر کرو اور اُس کے نام کو مُبارک کہو۔ زبُو 4:100

## اہم سبق:




ہم نے اس ماہ مختلف گناہوں کو دیکھا جو ہماری شادمانی چراتے ہیں لیکن بہت سے ہماری شادمانیوں کی جارحانہ چورایک سادہ چیز ہے : ناشکراپن۔ سادہ لفظوں میں، یہ ایک رویہ ہے ان چیزوں کے لئے جو ہم حاصل تو کرتے ہیں لیکن ان کی قدر کو ظاہر نہیں کرتے ۔ یہ کوئی چیز بھی ہوسکتے ہیں جیسے کھانا اور کپڑے، تعلقات بھی جیسے ہمارا خاندان یا موقعے بھی ہوسکتے ہیں۔

ہم کسی چیز کے مستحق نہیں ہیں۔ بہرحال، ہم بعض اوقات حقدار کی طرح عمل کرسکتے ہیں اگرچہ ہم نے کوئی چیز ادا کرنی ہے۔ ہم محسوس کرتے ہیں کہ ہم پر احترام واجب ہے یا ہم محسوس کرسکتے ہیں کہ ہم پر ایک خوشیوں بھری زندگی واجب ہے۔ اگرچہ، ہم نہیں ہیں۔ خدا نے کبھی نہیں کہا کہ زندگی آسان ہوگی؛ حقیقت میں اس نے اس کے بالکل متضاد کہا ہے!

آج کی انجیل کی کہانی میں،10 افراد کوڑھ کی بیماری میں مبتلا تھے۔ ایک دن یسوع سفر میں تھے اور جیسے ہی وہ ایک گاؤں میں سے جارہے تھے، ان 10 افراد نے چیخ کر آپ سے کہا، "یسوع، مالک، ہم پر ترس کھاؤ!"

یسوع نے انہیں کہا کہ جائیں اور وہ خود کو پادری کو دیکھائیں اور اسی طرح وہ گئے اور وہ صحت مند ہوگئے تھے۔ ان میں سے ایک واپس آیا اورخود کو یسوع کے قدموں میں ڈال کر ان کا شکریہ ادا کیا۔


پھر یسوع حیران تھے کہ اس کے ساتھ جو دوسرے 9 افراد تھے انہیں کیا ہوا انہیں بھی اس دن صحت ملی تھی۔ کیوں وہ لوگ یسوع کا شکریہ ادا کرنے واپس نہیں آئے؟ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ وہ اس صحت یابی کے حقدار ہیں؟ کیا آپ تصور کر سکتے ہیں کہ اصل میں وہ اس طرح محسوس کرتے تھے کہ ان کی یہ صحت یابی یسوع پر واجب تھی؟ ہوسکتا ہے کہ وہ کوڑھ کی تکلیف کو جلد ہی بھول گئے ہوں اور فوراً اپنی نئی زندگی میں جُت گئے ہوں۔

بہرحال، سچی شادمانی صرف تب ہی حاصل ہوسکتی ہے کہ جب ہم پوری طرح سمجھ سکیں کہ ہماری کوئی چیز کسی پر واجب نہیں ہے۔خدا پر واجب نہیں ہے کہ وہ ہمیں شفایابی، دولت، شہرت ، مواقع یا رشتے ناطے عطا کرے ۔ ہر حیرت انگیز چیز جو ہمارے پاس ہے تحفہ ہے اور جو کچھ ہے ہمیں ان کے لئے شکر گزار ہونا چاہئیے۔

کیا چیز ہے جو آپ محسوس کرتے ہیں کہ آپ ہمیشہ حاصل کرتے ہیں؟ روزانہ دوپہر کے کھانے کے بارے میں کیا سمجھتے ہیں کہ آپ کی والدہ ہمیشہ آپ کو یہ دیتی رہیں گی؟ کیا ہوتا اگر وہ آپ کو ہر روز دوپہر کا کھانا نہ دے سکتیں؟ کیا آپ ایک لمحہ نکالیں گے خدا کا اور اپنی والدہ کا شکر ادا کرنے کے لئے ان دوپہر کے کھانوں کا جو آپ لیتے رہے ہیں؟

مزید ہم اپنی زندگیوں میں ہر اچھی چیز کی امید کریں ہم مزید غصہ اور کڑوے ہوں گے۔ لہٰذا ہم مزید ان چیزوں کے شکرگزار ہوسکتے ہیں جو ہمارے پاس ہیں تو ہم مزید شادمان ہوگے ان سے جو ہمیں ملیں گی۔


## یادداشت بمقابلہ کھیل



**تصور کریں کون**

ایک رضاکار منتخب کریں جو لازمی کھڑا ہوجائے، ایک استاد اس کی کمر گروہ کی طرف کرے اور اس پر یاد کی گئی آیت دیکھائیں۔ جو بھی آیات سیکھا رہا ہوخاموشی سے ایک لفظ کی نشان دہی کرے اور گروہ کو ہدایت دے کہ وہ آیت کو پڑھیں اور نشان زدہ لفظ کی جگہ "تالی" بجائیں۔ رضاکار پھر سوچے گا کہ وہ غائب الفاظ کونسا تھا۔

## پہیلی کا جواب





| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| C | W | H | A | P | P | Y | Z | X | H |
| O | O | C | V | R | B | N | M | A | O |
| U | N | G | R | A | T | E | F | U | L |
| R | D | R | E | I | S | D | F | G | Y |
| T | E | A | S | S | P | I | R | I | T |
| H | R | T | P | E | H | J | E | J | K |
| A | E | E | E | O | P | G | N | E | L |
| N | D | F | C | O | V | E | T | S | Q |
| K | E | U | T | Y | U | I | E | U | W |
| S | R | L | T | D | O | O | R | S | E |

داخل ہونا دروازے شکریہ صحن سراہنا احسان فراموش احسان مند روح
ڈھکنا احترام خوشی حیران ہوا یسوع پاک

## سوالات اور جوابات:




1۔ ہم شکر گزار ہیں ظاہر کرنے کے لئے ہم کیا کرسکتے ہیں؟ ہم کہہ سکتے ہیں، "شکریہ"، ایک تحفہ دیں، اچھی چیزوں کے بارے میں دوسروں کو بتائیں، دعاؤں میں خدا کا شکر ادا کریں یا کچھ ایسا کریں کہ جو تحفہ کا بدلے ہو۔

2۔ جنت کے بارے میں زبردست کیا ہے؟ انجیل بیان کرتی ہے کہ جنت کسی بھی چیز سے جو ہم تصور کرسکتے ہیں ان سے بہتر ہوگی۔ آگے بڑھیں اور اپنے طالب علموں کے ساتھ بہترین کا تصور کریں؛ مالی چیزوں سے لے کر خاندان کے ساتھ مزہ اور پیار تک، خوبصورت نظارے اور بہترین درجہ حرارت۔ پھر اپنے طالب علموں کو بتائیں کہ جنت پھر بھی بہترہوگی۔

.3 جب زندگی اتنی بری ہو تو کیسے ہم شکر ادا کرسکتے ہیں؟ زندگی کے ان پہلوؤں پر توجہ دینا جو برے ہوں اور زندگی کے اچھے پہلوؤں پر آنکھیں بند کرنا ہمارے لیے آسان ہے۔ان پہلوؤں پر شکر گزار ی ایک مشق ہے اپنی زندگی کو دیکھنے اور اچھی چیزیں کے تلاش کرنے کے لئے۔ کیا آپ کے پاس اچھے دوست ہیں، ایک ماں ہے جو آپ کا خیال رکھتی ہے، کیا آپ نے صبح کھانا کھایا ہے یا کیا آپ اس ہفتے میں کچھ مزہ کرچکے ہیں؟

## رنگ میں

اپنے والدین (یا دوسروں کا) شکریہ ادا کریں جو آپ کو روزآنہ کچھ نہ کچھ دیتے ہیں۔ کوئی چیز منتخب کریں اور کچھ دیر اس کے بغیر رہیں یہ یاد دہانی کے لئے کہ یہ چیزیں ہوسکتا ہے ہمیشہ آپ کے پاس نہ رہیں۔

# امن بمقابلہ پریشانی

**بائبل کی کہانی:کوے نے ایلیاہ کو کھلایا**

**1- سلاطین 6- 17:1**

## ڈرامہ:

اپنے خدا پر بھروسے کے بارے ایک صاف مرتبان پر "بھروسہ" کا لیبل اور دوسرے صاف مرتبان پر "پریشانی" کا لیبل لگا ہے۔ عقلمند وِلی میں بتاتا ہے کہ یہ ایسا ہے جیسے "بھروسے " کے مرتبان میں کچھ تیل ڈالا جائے۔ بے وقوف فریڈ نے اپنی تمام پریشانیاں ظاہر کیں اور رنگین پانی "پریشانی" کے مرتبان میں انڈیلا۔ کیا ہمارے پاس پریشانیاں اور خدا پر بھروسہ ایک ہی وقت میں ہوسکتا ہے؟ انہوں نے اپنے مرتبان ایک دوسرے میں انڈیلے۔ پہلے تو یہ دونوں چیزیں کچھ ملتی ہیں پھر الگ ہوجاتی ہیں۔ جیسے پریشانیوں نے کہا کہ وہ مزید رنگین پانی مرتبان میں ڈالیں۔پریشانیوں کا پانی "بھروسے"کو اوپر دھکیل کر مرتبان سے باہر نکالے گے جب تک کہ مرتبان مکمل پریشانی سے بھر نہ جائے جیسے کہ ہماری زندگیوں میں ہوتا ہے۔

## یاد کرنے والے آیت

بلکہ تُم پہلے اُس کی بادشاہی اور اُس کی راستبازی کی تلاش کرو تو یہ سب چیزیں بھی تُم کو مِل جائیں گی۔
متّی 33:6

## اہم سبق:




اس ماہ ہم امن کے بارے میں سیکھیں گے جو کہ ایک روح کا پھل ہے۔ امن کی ایک قسم خاموشی ہے جو ہمارے اندر روحوں میں بستی ہے۔ یہ خدا پر بھروسے سے آتی ہے اور ہماری تمام ضروریات کا خیال رکھتی ہے۔ جب ہم پریشان ہونا شروع ہوتے ہیں کہ کیا ہم کھائیں گے یا کیا ہم پہنیں گےتو ہم اپنا امن کھو بیٹھتے ہیں۔متی باب 6 میں یسوع ہماری حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ ہم ہماری زندگیوں کے لئے پریشان نہ ہوں لیکن اپنی ضروریات کے لئے ہم اس پر بھروسہ کریں۔ اس نے ہمیں بتایا کہ ہم اس کے لئے آسمان پر پرندوں سے بھی بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں، اس کے باوجود کےوہ سب ہماری ضرورت ہیں۔ یسوع نے باغ کے پھولوں سے مشابہت استعمال کی جو بہت خوبصورت لباس میں ہوتے ہیں پھر بھی ہم پھولوں سے بہت زیادہ اہم ہیں۔

خدا کا ارشاد ہے کہ ہم خود کے بارے میں پریشان نہ ہوں، ہم پہلے خدا کی تلاش کریں اور اپنی تمام ضروریات بھی اس میں شامل ہوجائیں گی۔


یہ سننے میں اچھا لگتا ہے لیکن کرنے میں بہت مشکل ہوسکتا ہے، اسی لیے یسوع نے اسی جگہ فرمایا، "اے تم کم ایمان والوں"۔ اسکے لئے ایمان کی ضرورت ہے جو ہماری ضروریات اور پریشانیوں کو ختم کرنے کے لئے خدا پر بھروسہ کرنے کے قابل کرتا ہے۔ اگر ہم خدا پر بھروسہ کریں گے توہمیں ہمارے دلوں میں اور روحوں میں خدا کا امن حاصل ہوگا۔

آج کی انجیل کی کہانی میں، ایلیاہ کا خدا پر بھروسے کا یقین بہت مضبوط تھا اسی لئے خدا نے انہیں لمبے عرصے کے لئے صحرا میں بھیجا اور ان سے کہا کہ غذا اور پینے کے لئے پریشان نہ ہونا!

خدا نے پرندے (کوے) بھیجے جو ہر صبح و شام ان کے لئے غذا لاتے تھے جس میں دونوں روٹی اور گوشت ہوتا تھا ۔ وہ زندہ رہے کیوں کہ پرندے ان کے لئے کھانا لاتے رہے۔ وہ چشمے کا پانی پیتے تھے۔

کیا آپ تصور کرسکتے ہیں کہ ان کے لئے لازمی کتنا مشکل ہوسکتا تھا؟ ہوسکتا ہے وہ پریشان ہوئے ہوں کہ کیسے ریگستان میں وہ زندہ رہ سکیں گے۔ آپ کو اور مجھے بھی ہر وقت پریشانی رہتی ہے۔ ہم ہوسکتا ہے کہ اپنی غذا کے بارے میں پریشان ہوتے ہوں بالکل جیسے رسول ایلیاہ ہوئے ہوں۔ دوسری طرف، ہم ہوسکتا ہے کپڑوں، بس کے کرائے یا دوسر ی ضروریات کے لئے پریشان ہوسکتے ہیں۔ امن ہماری روحوں میں جب ہی آسکتا ہے کہ جب ہم مکمل خدا پر اپنی تمام ضروریات کے لئے بھروسہ کریں۔ اسی طرح جب مشکلات آئیں ہمیں پریشان نہیں ہونا چاہئیے۔ وقت اچھا ہو یا برا، خدا ہماری ضروریات فراہم کرے گا۔


## یادداشت بمقابلہ کھیل



**ٹک ٹاک ٹو**

یاد کی گئی آیت کے لئے ٹک ٹاک ٹو ایک آسانی سے کھیلا جانے والا اور اس کے لئے کسی پہلے سے منصوبہ بندی کی کوئی ضرورت نہیں۔ کھیلنے کے لئے آپ کی کلاس کے وسط میں 3 قطاروں میں 3 کرسیوں کو آپ کے ٹک ٹاک ٹو بورڈ میں استعمال کے لئے رکھیں۔ اگر اپ اپنی کلاس میں کرسیاں استعمال نہیں کرتے توآپ کاغذی پلیٹیں یا کاغذ کو ٹک ٹاک ٹو کے بورڈ کے طور پر استعمال کرسکتے ہیں۔ ہر ٹیم کے ارکان اپنی یاد کئی گئی آیات کو صحیح طریقے سے دوہرائیں، وہ اپنے لئے ٹک ٹاک ٹو بورڈ پر بیٹھنے کا کھڑے ہونے کے لئے جگہ منتخب کریں۔ پہلی ٹیم جس نے ٹک ٹاک ٹو حاصل کی وہ جیتے گی۔

## پہیلی کا جواب





| | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | S | S | F | G | H | J | K | L | Q | W | E | R | T | Y | J | O |
| O | P | K | I | N | G | D | O | M | W | J | P | E | A | C | E | Z |
| P | I | I | R | I | G | H | T | E | O | U | S | N | E | S | S | X |
| T | R | U | S | T | W | E | R | T | R | K | T | H | J | E | U | C |
| Z | I | U | T | Y | G | I | V | E | R | V | A | L | U | E | S | V |
| X | T | H | I | N | G | S | Q | W | Y | L | R | A | S | K | D | B |
| C | V | B | I | M | P | O | R | T | A | N | T | D | F | G | H | N |

تلاش کرنا　پہلا　بادشاہت　نیکی / سچائی　چیزیں　دینے والا　امن　پریشان ہونا　شروع

اہم　اقدار　بھروسہ　یسوع　روح

## سوالات اور جوابات:




1۔ کیا کوئی ایسی چیز ہے جو خدا نہیں کرسکتا ہو؟ نہیں، خدا ہر چیز پر قادر ہے۔

2۔ کیوں خدا برے چیزیں ہونے دیتا ہے؟ ہماری روحانی نشونما کےلئے یا دوسروں کی پریشانی میں مدد کے لئے (ہم مدد نہ کرسکیں اگر ہم ایک جیسی چیزوں پر نہ جائیں)۔جب گناہ دنیا میں داخل ہوتا ہے تو یہ ہر ایک پر اثر انداز ہوتا ہے۔خدا تمام عیسائیوں کے گرد کوئی بڑی دیوار نہیں بناتا ہے۔ ہم اس دنیا میں رہتے ہیں، ایک ہی طرح رہتے ہیں جیسےاس سیارے پر ہر ایک رہتا ہے؛

3. کیا کریں جب محسوس ہو کہ خدا بہت دور ہے؟ اس کے لئے خدا پر بھروسے کے یقین کی ضرورت ہے جب کہ ہم اسے نہ دیکھ سکتے ہیں اور نہ ہی اسے محسوس کرسکتے ہیں۔بہرحال، ہمارے احساس سے قطع نظر، خداہے۔ وہ ہم سے پیار کرتا ہے اور ہمارا خیال رکھتا ہے۔

## رنگ میں

جو چیزیں آپ کے پاس ہیں وہ دوسروں کو بانٹیں اگر اس کا یہ مطلب ہو کہ آپ ان کے بغیر بھی رہ سکتے ہیں۔ چاہے وہ کھانا ہو، کپڑے، بس کا کرایہ یا کوئی بھی چیز جس کی لاگت آپ کی رقم ہو۔ اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے خدا سے مانگیں۔

# امن بمقابلہ خوف

**بائبل کی کہانی: پیٹر پانی پر چلتا ہے**

**میتھیو 33-14:22**

## ڈرامہ:

عقلمند وِلی ایک چھوٹا  استعمال کے بعد پھینکنے والا کپ پانی میں بہاتا ہے۔بیوقوف فریڈ کنکر استعمال کرتا ہے جو خوف اور پریشانی کو ظاہر کرتے ہیں اور ایک ایک کر کے اس کپ میں کنکر ڈالتا  ہے یہاں تک کہ وپ کپ پانی میں ڈوب جاتا ہے۔

## یاد کرنے والے آیت

اُس نے اُن سے کہا اپنے اِیمان کی کمی کے سبب سے کیونکہ مَیں تُم سے سچ کہتا ہُوں کہ اگر تُم میں رائی کے دانے کے برابر بھی اِیمان ہو گا (لیکن یہ قِسم 21تو اِس پہاڑ سے کہہ سکو گے کہ یہاں سے سِرک کر وہاں چلا جا اور وہ چلا جائے گا اور کوئی بات تُمہارے لِئے نامُمکِن نہ ہو گی۔ دُعا کے سِوا اَور کِسی طرح نہیں نِکل سکتی)۔

متّی  21-20:17




## اہم سبق:

جب ہم عیسائی بنتے ہیں تو ہم اپنی زندگیاں خدا کے حوالے کردیتے ہیں۔ ہم زیادہ عرصے تک اپنے افسر نہیں ہوتے لیکن ہمیں اپنے دل اور عمل سے خدا کی پیروی کی کوشش کرتےرہیں۔ اس طرح زندگی گزارنا زبردست ہے، لیکن یہ کچھ خوفزدہ کرنے والا بھی ہوسکتا ہے۔خدا ہم سے صرف یہ نہیں کہتا کہ ہم وہ کریں جو ہم جانتے ہیں کہ کیسے کرنا ہے بلکہ خدا ہم سے وہ کرنے کو کہتا ہے جو ہمارے لئے نا ممکن ہوتا ہے۔

آج کی انجیل کی کہانی میں،  سمندر میں یسوع کے شاگردایک کشتی پر تھے ۔ ایک زبردست طوفان آتا ہے لیکن  وہ کنارے سے کہیں دور تھے کہ واپس آجائیں۔ وہ اپنی زندگیوں کے بارے میں خوفزدہ ہوجاتے ہیں۔ یسوع ان کے پاس آتے ہیں، پانی پر چلتے ہیں! یہ  ان کے لئے اور بھی خوفناک ہے لیکن یسوع انہیں کہتے ہیں کہ حوصلہ رکھیں اور خوفزدہ نہ ہوں۔

اس نقطہ پر، انہوں نے کئی بار اپنے خوف کا مقابلہ کیا ہے لیکن اب یہ وقت ان کے لئے کچھ زیادہ سخت ہے۔ حقیقت میں پطرس یسوع سے کہتا ہے کہ اسے بتائیں کہ پانی پر کیسے چلنا ہے! یسوع  سادگی سےجواب میں کہتے ہیں کہ "آجاؤ"۔

پطرس کشتی سے باہر آتا ہے اور پانی پر چلنا شروع کردیتا ہے!

یہ حیران کن حصہ ہے  کیوں کہ پطرس  ایک عام آدمی تھا لیکن اس نے خودکو کچھ بالکل ہی ناممکن کرتے دیکھ لیا تھا۔

یہ تمام یسوع کے پیروکار وں کے ساتھ ہوتا آرہا ہے۔ ہم ہوسکتا ہے پانی پر نہ چل سکیں لیکن ہمیں وقت لگے گا کہ ہم خود ناممکن  چیزیں کر کے دیکھیں۔ حقیقت میں، اگر آپ صرف وہ چیزیں کرتے ہیں جو ممکن ہیں تو ہوسکتا ہے کہ آپ وہ اپنی طاقت کے بل بوتے پر کررہے ہوں۔
بہرحال، یسوع چاہتے ہیں کہ ہم ان کی طاقت سے کام کریں اور زندگی گزاریں۔ ایک طریقہ ہےجاننے کاکہ آپ اپنی طاقت کے بجائے خدا کی طاقت کے استعمال کرتے ہوئے   کچھ کریں جو آپ جانتے ہیں کہ نا ممکن ہو کہ آپ کر سکیں! اسی طرح جیسے پانی پر چلنا۔

کیا  اسکول میں طالب علموں سے خدا کے بارے میں انہیں محسوس کرانا آپ کے لئے ناممکن ہے؟ کیا آپ اپنے والدین کے لئے کچھ کرسکتے ہوں جو آپ کو ابھی ناممکن نظر آتا ہو؟ یہ کیا ہےیہ خدا نے آپ کے دل میں ڈالا ہے کہ آپ کریں؟ یسوع سے مانگیں اگر آپ مانگ سکتے ہیں تو"پانی سے باہر ان کے ساتھ جانے کو"۔اگر انہوں نے کہا"آؤ"، ناممکن پر چلنا شروع۔ آپ اپنی روز مرہ زندگی میں معجزے دیکھ سکیں گے۔
یہ آسان نہیں ہے۔ اس کے پانی پر چلنے کے بعد، پطرس لہروں سے خوفزدہ ہوگیا، یسوع نے اس کی آنکھیں بند کردی اور ڈوبنا شروع ہوگئے۔
یہ آپ کے اور میرے ساتھ بھی ہوسکتا ہے۔ بہرحال، یسوع نے پطرس کا ہاتھ پکڑا  کوئی خوف نہ تھا اور پھر اسے ڈوبنے سے بچا لیا۔ اپنے خوف کو ایک طرف رکھیں اور حوصلہ رکھیں۔ یہ ہے طریقہ عیسائی زندگی گزارنے کاکہ : "پانی پر چلو"۔

## یادداشت بمقابلہ کھیل

**ایک ریپ بنائیں**

ڈھونڈیں یا بنائیں ایک  ریپ اور آیت کو وہاں لکھیں جہاں سے طالب علم اسے دیکھ سکیں۔ طالب علم موسیقی کی ایک ریپ بنائیں اس میں ایت کے الفاظوں کو استعمال کریں۔ آپ ایک گروہ کی طرح شروع کرسکتے ہیں صرف لڑکے، صرف لڑکیا اور پھر آخر میں ہر ایک طالب علم کو اگر وہ پسند کرے تو اسے بجائے۔ بچے اسے پسند کریں گے!



## پہیلی کا جواب






| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | G | I | V | I | N | G | C | D |
| S | O | M | T | I | A | O | H | F |
| D | S | P | R | U | C | D | R | G |
| F | M | O | U | N | T | A | I | N |
| G | A | S | L | F | I | Y | S | O |
| H | L | S | Y | A | O | A | T | T |
| J | L | I | V | I | N | G | I | H |
| K | W | B | O | T | H | R | A | I |
| L | E | L | R | H | T | E | N | N |
| Q | J | E | S | U | S | E | S | G |

سچائی سے     یقین     چھوٹا     زندہ     پہاڑ     کچھ نہیں     نا ممکن     عیسائیوں     دیا     دونوں
یسوع     خدا     عمل     راضی

## سوالات اور جوابات:




1۔ اس ہفتے خدا نے آپ سے کیا ناممکن چیز کرنے کے لئے کہا ہے؟ سبق سے مختلف مثالوں پر بحث کریں اور اس بارے میں بات چیت کریں کہ کیا ممکن اسائنمنٹ خدا انہیں دے سکتا ہے ۔آپ اپنی گواہی بھی دیں۔

2۔ کیا کروں جب میرے  والدین ناانصافی کرتے ہوں؟زندگی غیر منصفانہ ہے بشمول کئی دفعہ ہمارے اپنے گھروں میں بھی۔کس طرح ہم اپنے والدین کا احترام  کریں جب کہ وہ ہم سے کچھ غلط کرنے کا کہہ رہے ہوں؟ ہم خدا پر بھروسہ کرسکتے ہیں جو ہر چیز کے بارے میں جانتا ہے یہاں تک کہ اگر چہ ہمارے والدین بھروسہ نہیں  کرتے ہوں۔

3. کیا چیز آپ کو خوفزدہ کرتی ہے؟ مختلف چیزوں جن میں مکڑی سے لے کر والدین کی مار پر بات کریں۔ اپنے طالب علموں کو بتائیں کہ جو انہوں نے کلاس میں بتایا ہے وہ کسی اور کو نہ بتائیں۔ کوشش کریں کہ انہیں آرام دیں تا کہ وہ اپنے خوف  کے بارے میں بتا سکیں۔ کوشش نہ کریں کہ ہر خوف کے بارے میں جواب دیا جائے بلکہ صرف سنیں اور انہیں بتانے دیں۔

## رنگ میں

انتخاب کریں اس کام کا جو آپ سمجھتے ہوں کہ ناممکن ہے اور اپنے خوف کو ایک طرف رکھ کر خداوند یسوع سے اس کے لئے مدد طلب کریں۔ پھر اس کے لئے اقدامات کریں۔ (یہ آپ کے شروع کرنے کی کامیابی ہے، یہاں تک کہ اگر آپ ڈوبے بھی جیسے کہ پیٹر نے کیا۔ کسی کام کا انتخاب کریں جو آپ کو ناممکن لگتا ہو اور اس کی کوشش کریں۔)



# امن بمقابلہ نااتفاقی

**بائبل کی کہانی: دوسرے گال کی باری**

**میتھیو 5:38-42**

## ڈرامہ :

عقلمند وِلی طالب علموں کے ہاتھوں کو ایک دوسرے سے تیزی اور سختی سے رگڑنے میں رہنمائی کرتا ہے، ہر بار بیوقوف فریڈ کچھ مخالفانہ یا تکلیف دہ بات کہتاہے۔جس طرح ہاتھوں کو رگڑنے سے حرارت پیدا ہوتی ہے بالکل اسی طرح ہماری روحوں میں بھی ہوتا ہے۔ جب ہم ہاتھوں کو جیبوں میں چھوڑ دیتے ہیں یا ٹانگوں کے بیچ دبالیتے ہیں تو اس سے سکون ملتا ہے۔ عقلمند وِلی نے سمجھایا کہ دوسرے لوگوں کے ساتھ رگڑ نا بند کریں تو امن ملتا ہے۔

## یاد کرنے والے آیت

جہاں تک ہو سکے تُم اپنی طرف سے سب آدمِیوں کے ساتھ میل مِلاپ رکھّو۔
رُومِیوں 18:12

## اہم سبق:




جیسا کہ ہم نے دیکھا کہ اس ماہ کیسے ہماری زندگیوں میں امن قائم ہوا، ہم نا اتفاقی کے موضوع کو نظر اندازنہیں کرسکتے۔ جب لوگ اختلاف یا بحث کرتے ہیں جبھی نااتفاقی ہوتی ہے۔نئے عہدنامے کے چرچ لڑائی کرتے تھے جیسے ہم آج پوری دنیا کے چرچوں میں بحث مباحثہ کرتے ہیں۔ بہرحال، خدا نے ہمیں امن سے ایک دوسرے کے ساتھ رہنے کے لئے کہا ہے۔یہ کرنا بہت مشکل ہے۔ بحیثیت انسان، ہم مستقل لڑنے میں لگے رہتے ہیں اور ہمارے خود کے اندر نااتفاقی ہے۔ ہوسکتا ہے یہ اس لئے ہو کہ ہم سب کے پاس ٹھوس دلائل ہوں۔ ہم جانتے ہیں خدا کیا چاہتا ہے۔ہم اکثر ایک دوسرے کو آزماتے ہیں اور ہم اپنے طریقے سے لڑتے ہیں۔ بہرحال، ہماری لڑائی شیطان اور گناہ کے خلاف ہونی چاہئیے نہ کہ ہمارے عیسائی بھائیوں کے خلاف ہو۔

آج کی انجیل کی کہانی میں، یسوع نے ہمیں ہدایت کی ہےکیسے نااتفاقی سے باز رہیں۔ یسوع نے ہمیں بتایا ہے کہ اگر کوئی ایک گال پر مارے تو ہمیں دوسری طرف منہ کرلینا چاہئیے اور دوسرا گال پیش کردیں! اس کا مطلب ہے جو ہمیں مارے تو ہمیں اس سے اپنا دفاع نہیں کرنا چاہئیے بلکہ ہمیں ان سے مستقبل میں ہونے والے جرائم سے پریشان نہیں ہونا چاہئیے! یہ بالکل برخلاف ہے اس سے جیسی آج ہم زندگی گزاررہیں یہاں تک کہ ہمارے عیسائ چرچوں میں بھی ۔ ہم ہمیشہ چاہتے ہیں کہ ہم خود کو دوسروں سے بچائیں اور اگر کوئی ہمارے ایک گال پر مارے تو ہم یقیناً کوشش کرتے ہیں کہ دوبارہ ایسا نہ ہو۔


یسوع نے ہمیں ہدایت کی کہ اگر کوئی ہمیں کسی وجہ سے عدالت میں لے کر جانا چاہتا ہے تو ہمیں اسے وہ کرنے دینا چاہئیے۔ مزید برآں، پال نے بھی ہمیں وہی نصیحت کی ہے جو یسوع نے کی تھی۔

1 کرنتھیوں 3 میں، پال نے پختگی کے بارے میں بات کی ۔ جب تک ہم عیسائی بچے ہیں، ہم پختہ نہیں ہیں۔ اس سلسلے میں، وہ کہتے ہیں کہ بھائیوں کے درمیان جھگڑا کیا ہے ناپختگی کی وجہ ہے ۔ بعد میں باب 6 میں، پال کہتے ہیں کہ عیسائیوں کو اپنے جگھڑوں کے حل کے لئے عوامی سطح پر قانونی مقدمات کی ضرورت ہے۔ چاہے کسی کے لئے یہ کتنا بھی شرمندگی کا باعث ہو۔

ہم کیا سمجھتے ہیں کہ ہمیں کیا کرنا چاہئیے کہ جب کوئ ہمارے ساتھ غلط کرے؟ کیا ہوگا اگر ہم نے کچھ غلط نہیں کیا لیکن کوئی ہمیں آزما رہاہواور وہ ہم پر لوگوں کے سامنے غلط الزام لگاتا ہو؟ پال نے ہمیں جواب میں 1کرنتھیوں 6:7-8 بیان کی "لیکن دراصل تم میں بڑا نقص یہ ہے کہ آپس میں مقدمہ بازی کرتے ہو۔ ظلم اٹھانا کیوں نہیں بہتر جانتے؟ اپنا نقصان کیوں نہیں قبول کرتے؟ بلکہ تم ہی ظلم کرتے اور نقصان پہنچاتے ہو اور وہ بھی اپنے ہی بہن بھائیوں کو"

اگر ہم روحانی پختگی اور اپنی زندگیوں میں روح کے پھل کا مظاہرہ چاہتے ہیں تو ہمیں لازمی دوسروں کے ساتھ امن سے رہنا ہوگا۔ ہمیں اپنے آپ کو آزمانہ، تنقید کرنا اور اختلاف کرنا چھوڑنا ہوگا۔ جب ہم غلط ہوںتو جیسا پال نے کہا تھا ہمیں بالکل غلط ہونا چاہئیے! کوئی ضرورت نہیں کہ ہم خود کا دفاع کریں۔ دوسروں کو آپ سے دھوکا کرنے ، آپ پر بہتان لگانے اور آ پ کو مارنے دیں۔ جب ہم یہ پورا کرسکیں گے تو امن قائم ہوگا۔


## یادداشت بمقابلہ کھیل



**پنگ پونگ**

ایک بچہ ایک آیت کا پہلا فقرہ بولے گا اور پھر دوسرا بچہ دوسرا بولے گا اور تیسرا چوتھا۔ یہ جوڑیوں میں یا ٹیموں میں بچوں کے ساتھ ایک قطار میں ایک دوسرے کے سامنے بھی کھیلا جاسکتا ہے۔

## پہیلی کا جواب





| | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| S | A | J | S | D | C | F | P | G | A | V | O | I | D | H | J | K |
| P | R | E | A | C | H | F | A | G | P | O | S | S | I | B | L | E |
| I | N | S | T | R | U | C | T | I | O | N | S | Q | S | W | E | R |
| R | E | U | K | Q | R | H | T | D | I | F | F | I | C | U | L | T |
| I | R | S | E | W | C | J | E | E | V | E | R | Y | O | N | E | T |
| T | T | D | O | T | H | E | R | Z | X | C | V | B | R | N | M | A |
| U | Y | I | R | O | M | A | N | D | E | P | E | N | D | S | D | S |

ممکن بھروسا ہونا دوسرا تبلیغ کرنا ہر ایک رومن نمونہ اختلاف کرنا چرچ

یسوع بچنا ہدایات مشکل روح

## سوالات اور جوابات




1۔ کیا ہمیں ہر ایک کو دوست بنانا پڑے گا؟ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم سب سے پیار کریں ان پر مہربان ہوں اور ان سے دوستوں کے جیسا سلوک کریں۔ بہرحال، اگر کو ئی مسلسل ظالمانہ رویہ رکھے تو ہمیں اس سے دوستی نہیں کرنا پڑے گی۔ ہمیں دشمنوں کو بھی پیار دیکھانا پڑتا ہے لیکن ہم ہمیشہ ان کے دوست نہیں رہتے ہیں۔

2۔ کیا عیسائی عدالت جاسکتا ہے؟ یہ آپ کی ذات کی تبدیلی کی بنیاد پر ہے تو جواب حاصل کرنے سے پہلے اپنے پادری سے مشورہ کریں۔بہرحال، یہ طریقہ واضح کرتا ہے کہ اگر اور جب بھی عیسائیوں نے عدالت میں لڑائی کی ہے تو چرچ کو شرمندگی اٹھانی پڑی ہے۔

3. کیا عیسائیوں کو لڑائی کرنے دیں؟جی ہاں، بدقسمتی سے تمام وقت۔ جتنا وہ عیسائیت میں پختہ ہوں گے اتنی ہی ان میں لڑائی کم ہوگی۔

## رنگ میں

اس ہفتے ایک بار خود کو غلط ہونے دیں۔ (یہ بہت ممکن ہے کہ ایسا خود بخود ہوجائے۔) آپ کی اسائنمنٹ ہے کہ کچھ نہ کریں۔



# امن مقابلہ خود پر بھروسہ

**بائبل کی کہانی: یسوع 5000 کو کھلاتے**

**لوقا 17-9:10**

## ڈرامہ:

آپ کے پاس کیا ہے آپ پیش کریں اور پھر خدا کو معجزہ کرنے دیں۔ عقلمند ولِی اور بیوقوف فریڈ اس کا مظاہر ہ ایک کاغذ کے ٹکڑےکے ساتھ کرتے ہیں جس پر چڑھنا ناممکن ہوگا۔ بہرحال، جب کاغذ ایک خاص طریقے سے کاٹا یا پھاڑا جاتاہے تو یہ ایک بڑا دائرہ بن جاتا ہےاب اس پر چڑھنا آسان ہے۔(نیچے دئیے گئے کاغذ پر تجربہ کے لئے پھاڑنے والی لائن دیکھیں)

## یاد کرنے والے آیت

مگر اُس نے مُجھ سے کہا کہ میرا فضل تیرے لِئے کافی ہے کیونکہ میری قُدرت کمزوری میں پُوری ہوتی ہے ۔ پس مَیں بڑی خُوشی سے اپنی کمزوری پر فخر کرُوں گا تاکہ مسِیح کی قُدرت مُجھ پر چھائی رہے۔

کُرِنتھِیوں-۲ 9:12

## اہم سبق:




ایک طریقے سے ہم اپنے دل میں خدا پر مکمل بھروسہ کر کے حقیقی امن قائم کرسکتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ہم خدا پر بھروسہ کریں ہماری غذا، کپڑوں، شادی، خاندان، اسکول، تعلیم، مواقع اور ہماری پوری زندگی کے ساتھ ۔ جو زمانہ کہتا ہے یہ اس کے خلاف جاتا ہےکہ ہمیں کرنا چاہئیے۔ زمانہ کہتا ہے کہ ہمیں چاہئیے کہ ہمارے پاس خوداعتمادی ہو اور ہمیں خود پر بھروسہ ہو، جو کہ سچ ہے۔ بہرحال، ایک وقت آتا ہے جب خدا کہتا ہے کہ اپنے آپ پر نہیں بلکہ مجھ پر بھروسہ کرو ۔ جب ہم صرف خود پر بھروسہ کرتے ہیں تو ہم اپنا سکون کھو دیتے ہیں۔ یہ اس لئے کہ بعض اوقات یا کسی مقام پر ہم کافی نہیں ہوتے۔ ہم کبھی کافی بھی نہیں ہوں گے۔


آج کی انجیل کی کہانی میں، یسوع کے شاگرد کسی بڑی مشکل میں پھنس گئےہیں ۔ انہوں نے خود کو بھوکے لوگوں کے ہجوم میں پایا۔ انہیں ہر طریقے سے انہیں بھیجنا پڑتا تھا کہ کھانے کی تلاش میں جائیں یا کوئی طریقہ نکالیں کہ انہیں کھانا کھلایا جاسکے۔ انجیل بیان کرتی ہےکہ وہاں 5000 مرد تھے تو ہو سکتا ہے وہ کم سے کم 20000 ہزار لوگ بشمول عورتیں اور بچوں ہوں! کھانا کھلانے کے لئے یہ بہت زیادہ لوگ ہیں!

جب یسوع کے شاگرد یسوع کے پاس اس پریشانی کو لائے تو یسوع نے ان سے کہا، "آپ انہیں کچھ کھانے کو دے دیتے"۔ ایک بار پھر، یسوع نے اپنے شاگردوں کو کچھ نا ممکن کرنے کے لئے کہا۔ بہرحال ، انہوں نے پانچ روٹیوں کے اور دو مچھلی کے نوالوں کو دیکھا جو ان کے اپنے ہاتھو ں میں تھے۔

آپ اور میں دیکھ سکتے ہیں کہ ہمارے اپنے ہاتھو ں میں کیا ہے۔ ہم اپنی مہارت، استعداد، علم اور مال و زر کو دیکھ سکتے ہیں۔ ہم دیکھ سکتے ہیں جو ہم جانتے ہیں کہ کیسے کرنا ہے یا ہماری استعداد کو۔ خدا چاہتا ہے کو ہم اس پر بھروسہ کریں کہ وہ کیا ہمیں دے سکتا ہے۔ جب خدا چاہتا ہے کوئی معجزہ کرنا ہماری مہارت سے قطع نظرکردیتا ہے۔ یہاں تک کہ خدا کمزور لوگوں کو استعمال کرکے انہیں مضبوط ثابت کرسکتا ہے۔


ہمارے دلوں میں مزید سکون آسکتا ہے اگر ہم خود پر بھروسہ کرنے کے بجائے خدا پر بھروسہ کرسکیں۔ ہمیں ہر چیز کا حل نہیں نکالنا پڑتا ہے۔ خدا نے وہ پہلے سے ہی کیا ہوا ہے۔

## یادداشت بمقابلہ کھیل



اتی پتی (ہوپ اسکوچ)
فرش پر ماسکنگ ٹیپ کا استعمال کرتے ہوئے اتی پتی کا سانچہ بنائیں۔ یاد کی ہوئی آیات کے الفاظ کاغذ پر لکھیں اور انہیں ہر اتی پتی کے چوکور خانے کے ااوپر لگا دیں(ماسکنگ ٹیپ سے کاغذ کے کناروں کو اچھی طرح چپکائیں تا کہ بچوں کے پاؤں کی پوریں الفاظوں کو نہ چھوسکیں)۔ کلاس کو اتی پتی کے چاروں طرف قطار میں لگائیں تاکہ بچے اچھلیں تو وہ الفاظ دیکھ سکیں جیسے ہی بچے ایک ٹانگ پر ہر چوکور خانے میں اچھلتا ہے، کلاس آیت پڑھے گی جیسے جیسے وہ جائے گا۔

## پہیلی کا جواب





| | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| B | A | F | P | P | E | R | F | E | C | T | T | Y | U | I | J | O |
| R | S | G | E | O | P | P | O | R | T | U | N | I | T | I | E | S |
| A | D | H | A | W | E | A | K | N | E | S | S | B | O | A | S | T |
| G | R | A | C | E | S | U | F | F | I | C | I | E | N | T | U | P |
| S | J | K | E | R | L | L | Q | W | E | R | C | H | R | I | S | T |

باوقار کافی طاقت مکمل کمزوری ڈینگیں مارنا اِترانا پال مسیح امن
مواقع یسوع

## سوالات اور جوابات:




1. کیا آپ نے معجزہ دیکھا ہے؟ اپنے طالب علموں کو کچھ وقت دیں کہ وہ مختلف چھوٹے یا بڑےمعجزوں پر جو انہوں نے دیکھیں ہوں ان پر بحث کرسکیں۔اگر آپ نے کوئی دیکھا ہے تو اپنی گواہی دے کر انہیں بتائیں۔یہ معجزے جو مواقع ، کسی کا کچھ کھلنا یا نکلنا، علاج، رویے میں تبدیلی یا خدا کی طرف سے تحفظ بھی ہوسکتے ہیں.
2. خدا ہر جگہ کیسے ہوسکتا ہے؟ خدا پر کوئی ممانعت نہیں ہے جیسے ہم پر ہے: وہ سب جانتا ہے اور ہر جگہ ہے۔ اس کا مطلب ہوا کہ خدا سے چھپنے کی کوئی جگہ نہیں۔ وہ ہر چیز دیکھتا ہے!
3. آپ کے پاس کیا فطری صلاحیت ہے کہ جس سے آپ خدا کی خدمت کرسکتے ہیں؟ طالب علموں کو بحث کے لئے کچھ وقت دیں تا کہ وہ مختلف صلاحیتوں اور قابلیتوں پر ایک دوسرے سے بحث کرسکیں۔ کسی طالب علم کو اجازت نہ دیں کہ وہ دوسروں کا جو معجزوں کے بارے میں کچھ بتارہے ہوں ان کا مذاق اڑائے یا ان کی نقل اتارے۔ ہر ایک طالب علم کی حوصلہ افزائی کرنے کی کوشش کریں ۔

## رنگ میں

خدا سے مانگیں کہ اس موقع کے لئے کہ وہ خدمت کرے وہاں جہاں آپ کمزور ہیں۔ اس خدمت کے لئے اپنے چرچ میں سائن اپ کریں۔ اگر خاموش رہتے ہیں تو اس ہفتے مزید بولیں، اگر آپ شور کرتے ہیں تو اس ہفتے مزید خاموش رہیں۔